Maulana Azad National Urdu University

Ph.D. (Education) Course Work Examination - February 2021

Paper - PHED102CCT : Teacher Education (Backlog)

پرچہ:

Time : 3 hrs **Marks : 70**

ہدایات:

یہ پرچہ سُوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ ہر جواب کے لئے لفظوں کی تعداد اشارۃً ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. **حصہ اول** میں **10** لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے۔ **(10 x 1 = 10 Marks)**
2. **حصہ دوم** میں آٹھ سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی پانچ سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دوسو **(200)** لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے **6** نمبرات مختص ہیں۔ **(5 x 6 = 30 Marks)**
3. **حصہ سوم** میں پانچ سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی تین سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً پانچ سو **(500)** لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے **10** نمبرات مختص ہیں۔ **(3 x 10 = 30 Marks)**

حصہ اول

سوال : 1

(i) تعلیم اساتذہ کے اداروں کی درجہ بندی کون سا ادارہ کرتا ہے؟

(ii) UGC کے موجودہ چیر پرسن کون ہیں؟

(iii) QCI کس کا مخفف ہے؟

(iv) عالمی یوم اساتذہ کب منایا جاتا ہے؟

(v) NCTE کا قیام کس سال عمل میں آیا؟

(vi) قومی نصابی خاکہ برائے تعلیم اساتذہ (NCETE 2009) کس ادارے نے تیار کیا؟

(vii) آچاریہ رامامورتی کمیٹی کس سال تشکیل دی گئی؟

(viii) تعلیم اساتذہ میں Web Conferencing کے دو فوائد لکھیے۔

(ix) Web 2.0 کی اصطلاح کس نے دی ہے؟

(x) کون سے کمیشن نے ''ٹیچر ٹریننگ'' کو ایک نئی اصطلاح ''ٹیچر ایجوکیشن'' کا نام دیا۔

حصہ دوم

2. تعلیم اساتذہ کے مقاصد اور اس کی وسعت بیان کیجیے۔

3. تعلیم اساتذہ میں قومی کونسل برائے تعلیمی تحقیق وتربیت (NCERT) کے کردار پر روشنی ڈالیے۔

4. ضلعی سطح پر تعلیم اساتذہ کے مختلف اداروں پر مختصر نوٹ لکھیے۔

5. اساتذہ کے پیشہ ورانہ ارتقاء کی فطرت اور وسعت پر روشنی ڈالیے۔

6. تعلیم اساتذہ میں NCTE کے کردار کی وضاحت کیجیے۔

7. اساتذہ کے پیشہ ورانہ اخلاقیات کی اہمیت وضرورت بیان کیجیے۔

8. تدریس بحیثیت ایک پیشہ کی قانونی اور سرکاری حیثیت پر روشنی ڈالیے۔

9. تعلیم اساتذہ میں UGC کے کردار اور افعال کی وضاحت کیجیے۔

حصہ سوم

10. تعلیم اساتذہ میں UNESCO اور UNICEF کے کردار پر تفصیل سے روشنی ڈالیے۔

11. امریکہ اور برطانیہ کے خصوصی حوالے سے اساتذہ کی حیثیت کا تقابلی جائزہ پیش کیجیے۔

12. اساتذہ کی پیشہ ورانہ تیاری میں درپیش مسائل اور ان مسائل کو حل کرنے کے لیے حکمت عملیات تفصیل سے لکھیے۔

13. تعلیم اساتذہ میں تحقیق کی اہمیت ووسعت بیان کیجیے۔ تعلیم اساتذہ میں تحقیق کے رجحانات پر ایک جامع نوٹ لکھیے۔

14. تعلیم اساتذہ کے معیار کو بہتر بنانے کے لیے حکومت کی جانب سے اٹھائے جانے والے اقدامات تفصیل سے بیان کیجیے۔

☆☆☆